Total Pages : 5 VUG(I)- U(1)

2016-19

*Full Marks* : 80

*Time* : 3 hours

Answer **all** questions

*The figures in the left-hand margin Indicate marks*

*Candidates are required to give their answers in their own words as far as practicable.*

1 - صرف دو(۲)سوالوں کے جواب دیں۔ 10× 2 = 20

(الف) معنی کے اعتبار سے اسم کی قسموں کی تفصیل پیش کریں۔

(ب) اسم معرفہ کیا ہے ؟ اس کے اقسام کی وضاحت کریں۔

(ج) صفت کسے کہتے ہیں ؟ صفت کے تمام قسموں کو مع مثال واضح کریں۔

(د) ضمیر کی تعریف بیان کرتے ہوئے اس کی قسموں سے بھی متعارف کرائیں۔

(Turn Over)

Scanned by TapScanner

2- کسی ایک پر مضمون لکھیں۔ 20

(الف) تعلیم کی اہمیت

(ب) صفائی کی ضرورت

(ج) محرم کی عظمت

(د) درگا پوجا کی نوعیت

3- درج ذیل اقتباس کی تلخیص کرتے ہوئے عنوان قائم کریں۔ 10

"جھوٹے دوست کے سبب سے مختلف قسم کی مصیبتیں پیدا ہوئی ہیں۔ وہ اپنے دوست کی برائیاں اصلاح کرنے کی بجائے انہیں دنیا میں مشہور کر دیتا ہے۔ وہ اپنے دوست کے نزدیک باتیں بناتا ہے اور پیٹھ پیچھے اس کی شکایت کرتا ہے، آرام میں اس کے ساتھ رہتا ہے اور تکلیف میں اسے چھوڑ دیتا ہے۔ جب تک اسے کوئی غرض رہتی ہے تب تک محبت خوب جتاتا ہے، لیکن جب مطلب حاصل ہو جاتا ہے تو اس سے علحدہ ہو جاتا ہے۔ اگر موقع ہاتھ آئے تو اپنی غرض حاصل کرنے کے لئے اپنے دوست کی جان تک لے لیتا ہے۔ ایسے دوست سے ہمیشہ ہوشیار رہنا چاہئے۔"



Scanned by TapScanner

4- عبارت ذیل کا ترجمہ ہندی یا انگریزی میں کریں۔ 10

''انسانی زندگی میں کھیل کی بہت اہمیت ہے۔ ماضی میں ہمارے ملک میں کھیل کود کو زیادہ مرتبہ نہیں دیا جاتا تھا۔ اب ہم یہ محسوس کرنے لگے ہیں کہ کھیل بہت کارآمد ہے۔ کھیل تعلیم کا ایک اہم حصّہ ہے۔ اچھی صحت کے لئے ہمیں کھیل کود میں شامل ہونا چاہیئے۔ صحت ہماری زندگی کا سب سے اہم شعبہ ہے۔ جسمانی توانائی کی ترقی کے لئے بھی کھیل ضروری ہے۔ یہ ہماری عملی زندگی کے لئے بھی ضروری ہے۔ یہ ہمیں سدھارتا ہے۔ یہ ہمارے اوصاف کو نکھارتا ہے۔ ہماری زندگی ایک پُر لطف کھیل ہے۔ مگر صرف کھیل کو اپنی قیمتی زندگی کا مقصد نہیں بنانا چاہیے۔ ہمیں کھیل کود اور مطالعہ میں توازن رکھنا چاہیئے۔ ہم اہلِ ہند کو وطن کے لئے باعزت کھیل کھیلنا چاہئے۔ انسان زمین پر سب سے زیادہ دانشور مخلوق ہے۔''

(Turn Over)



Scanned by TapScanner

5. درج ذیل ہندی یا انگریزی اقتباسات میں سے کسی ایک (1) کا ترجمہ اردو میں کریں۔ 10

"प्रत्येक मनुष्य जानता है कि गाँधी जी अपने लिए जीवित नहीं रहे। पूरा जीवन उन्होंने दूसरों के लिए समर्पित किया। वह सीधे सादे ईमानदार तथा सच्चे व्यक्ति थे। उन्होंने कभी भी किसी व्यक्ति को अपना शत्रु नहीं समझा। किन्तु ऐसे बहुत से व्यक्ति थे जो उन्हें अपना शत्रु मानते थे। ऐसे व्यक्ति के लिए भी उन्हों ने कभी अशिष्ट शब्द नहीं कहे। जो काम वह दूसरों से कराना चाहते थे सर्वप्रथम स्वंय करते थे। अत्यन्त कोलाहलपूर्ण भीड़ के मध्य वह सुगमतापूर्वक सो लेते थे। वह अत्यन्त मितव्ययी थे। संसार को हिला देने वाले संदेश प्रयोग किये हुए कागज़ के उल्टी ओर लिख देते थे। वह एक कुशल प्रशासक थे। संगठित करने की उनमें अनुपम क्षमता थी। लोग उन्हें सप्रेम बापू कह कर सम्मानित करते थे"।

" Childhood is the happiest period in the life of a man. We are free from cares and anxieties. We are innocent and unaware of the vices of worldiy life. We often live in a dream land. Some memories of childhood are very pleasant and



Scanned by TapScanner

some are painful and terrible. Every recreation had a fascination for us. We turned a deaf ear to our elder's command. Our parents were very found of us. They always cared us and fulfilled our desires. We led our childhood as princes. We are responsible for present and future. Now the happy days of childhood are gone. We wish our sweet dreams would be fulfilled."

6- درج ذیل میں سے کنہیں پانچ الفاظ کے مترادف لفظ لکھیں۔ 10

تحقیق۔ فلک۔ تائید۔ حرص۔ نمائش۔ شہرت۔
مرتد۔ متقابل

☆☆☆

VUG(I)- U(2)

2016-19

Full Marks : 80

Time : 3 hours

Answer all questions

The figures in the left-hand margin Indicate marks

Candidates are required to give their answers in their own words as far as practicable.

1 - عنوانات ذیل میں سے کسی ایک سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجئے۔ 20

(الف) سرسید مرحوم اور اُردو لٹریچر۔

(ب) مرزا غالب کے اخلاق۔

(ج) انسان کسی حال میں خوش نہیں رہتا۔

2 - الطاف حسین حاؔلی کا تعارف بہ حیثیت سوانح نگار پیش کیجئے۔ 20

یا

پروفیسر وہاب اشرفی سے اپنی واقفیت ظاہر کیجئے۔

3 - مومن خاں مومنؔ کی شاعرانہ عظمت واضح کریں۔ 15

(Turn Over)

Scanned by TapScanner

یا

جوشؔ ملیح آبادی کے شاعرانہ امتیازات پر ایک مختصر مقالہ سپردِ قلم کریں۔

4 - مندرجہ ذیل میں کسی ایک نظم کے مرکزی خیال کی وضاحت کریں۔ 15

(الف) شاہین

(ب) اِرتقاء

(ج) مفلسی

5 - کسی ایک شعر کا ناقدانہ جائزہ لیں۔ 10

(الف) ڈھونڈ گے اگر ملکوں ملکوں ملنے کے نہیں نایاب ہیں ہم
جو یاد نہ آئے بھول کے پھر اے ہم نفسو وہ خواب ہیں ہم

(ب) جنت ہے زندگی میں زمانہ شباب کا
پیری ہے پہلے مرگ سے ہونا عذاب کا

(ج) پرستش کی یاں تک کہ اے بُت تجھے
نظر میں سبھوں کی خُدا کر چلے

☆☆☆



Scanned by TapScanner

COPYRIGHT RESERVED VUG(2) — Urdu (4)

# 2016-19

Time : 3 hours

Full Marks : 80

Candidates are required to give their answers in their own words as far as practicable.

The questions are of equal value.

Answer **all** questions.

1۔ شاد عظیم آبادی کے ناول صورۃ الخیال کا جائزہ لیجیے۔

یا

بحیثیت ناول نگار اردو ادب میں شاد عظیم آبادی کے خدمات کی وضاحت کی وضاحت کیجیے۔

2۔ باغ و بہار کی روشنی میں میر امن دہلوی کی داستان نگاری کی خصوصیات کا ذکر کیجیے۔

یا

باغ و بہار کے اسلوب بیان پر روشنی ڈالیے۔

3۔ ناول توبۃ النصوح کے پیش نظر ڈپٹی نذیر احمد کی ناول کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔

یا

ناول توبۃ النصوح میں نصوح کے کردار کا جائزہ لیجیے۔



Scanned by TapScanner

4۔ رتن ناتھ سرشار کی تصنیف خانہ آزاد کا جائزہ پیش کیجیے۔

**یا**

خوجی کا کردار ایک غیر فانی کردار ہے، وضاحت کیجیے۔



Scanned by TapScanner

VUG(3)-Urdu(5)-301

**2016-19**

*Full Marks* : 80

*Time* : 3 hours

**Answer all questions.**

*The questions are of equal value*

*Candidates are required to give their answers in their own words as far as practicable.*

1- ناول کے فن پر روشنی ڈالیے۔

یا

اُردو افسانہ کے ارتقاء پر روشنی ڈالیے۔

2- انشائیہ نگاری کی خصوصیات بیان کیجئے۔

یا

ڈرامہ کی تعریف کرتے ہوئے اس کے اجزائے ترکیبی کو بھی لکھیے۔

(TurnOver)

Scanned by TapScanner

3 - اپنے پسندیدہ غزل گو شاعر پر ایک مقالہ قلم بند کیجیے۔

یا

نظم کے فن پر روشنی ڈالتے ہوئے اس کی قسموں کو تفصیل سے لکھیے۔

4 - اردو مرثیہ نگاری میں میر انیس کا مقام متعین کیجیے۔

یا

میر حسن کی مثنوی نگاری کا فنی جائزہ پیش کیجیے۔

☆☆☆



Scanned by TapScanner

COPYRIGHT RESERVED

VUG(3) —
U (6) 302

# 2016-19

*Time : 3 hours*

*Full Marks : 80*

*Candidates are required to give their answers in their own words as far as practicable.*

*The questions are of equal value.*

*Answer **all** questions.*

1۔ ”کہتے ہیں کہ غالبؔ کا ہے اندازِ بیاں اور“ اس مصرعہ کی روشنی میں کلام غالب کا جائزہ لیجئے۔

**یا**

صنف غزل کا تعارف کراتے ہوئے اس کی ہیئت پر روشنی ڈالئے۔

2۔ میرؔ کی شاعری میں پائی جانے والی سادگی اور سلاست پر اپنے خیالات کا اظہار کیجئے۔

**یا**

آفاق کی منزل سے گیا کون سلامت

اسباب لٹا راہ میں یاں ہر سفری کا

( Turn over )



Scanned by TapScanner

مذکورہ شعر کی روشنی میں میرؔ کے یہاں پائی جانے والی بے ثباتی پر روشنی ڈالیے۔

3۔ میر انیس کی مرثیہ نگاری واقعات کربلا کا آنکھوں دیکھا حال معلوم ہوتی ہے، اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔

**یا**

فن مرثیہ کی مختصر تاریخ تحریر کیجیے۔

4۔ اردو مثنوی میں میر حسن کی خدمات پر روشنی ڈالیے۔

**یا**

مثنوی میں پائے جانے والے مافوق الفطرت عناصر سے آپ کیا سمجھتے ہیں ؟ لکھیے۔



Scanned by TapScanner

2016-19

*Full Marks* : 80

*Time* : 3 hours

*The figures in the left-hand margin Indicate marks*

*Candidates are required to give their answers in their own words as far as practicable.*

**20× 4**

1- محمد حسین آزاد کے بارے میں شبلی نے لکھا ہے کہ "وہ گپ بھی ہانک دے تو وحی معلوم ہوتی ہے"۔ اس قول کی روشنی میں "آب حیات" کا جائزہ لیجیے۔

یا

محمد حسین آزاد نے "آب حیات" میں غالب یا ناسخ کے کلام پر جو رائے دی ہے، ان میں سے کسی ایک پر اظہار خیال کیجیے۔

2- شبلی نعمانی کے تنقیدی روّیہ سے بحث کیجیے۔

یا

شبلی نعمانی کی تصنیف "شعر العجم" کا ناقدانہ جائزہ لیجیے۔

(Turn Over)

Scanned by TapScanner

3. ''کاشف الحقائق'' کے آئینے میں امداد امام اثر کی تنقیدی بصیرت کا محاکمہ کیجیے۔

یا

امداد امام اثر کی کتاب ''کاشف الحقائق'' پر ایک عمومی تبصرہ کیجیے۔

4. حالی نے شاعری میں اصلیت، سادگی اور جوش تین اوصاف پر خصوصیت سے زور دیا ہے۔ آپ کے خیال میں اس کی اہمیت کیا ہے ؟ مثالوں کے ساتھ واضح کیجیے۔

یا

اردو تنقید میں ''مقدمہ شعر و شاعری'' کی کیا اہمیت و افادیت ہے ؟ واضح کیجیے۔

☆☆☆



Scanned by TapScanner

2016-19

Full Marks : 80

Time : 3 hours

The figures in the left-hand margin indicate marks

Candidates are required to give their answers in their own words as far as practicable.

1- اخترالایمان کی شاعری کے بارے میں اپنی رائے پیش کریں۔ 20

یا

اخترالایمان کی نظم "ایک لڑکا" "یادیں" کسی ایک کا خلاصہ لکھیے۔

2- فراق گورکھپوری کے حالات زندگی کے بارے میں لکھیں۔ 20

یا

فراق گورکھپوری کی غزلوں کا تنقیدی جائزہ پیش کیجئے۔

3- پرکاش فکری کی شاعری موجودہ نسل کے فنکاروں کے لئے بے حد اہم ہے، وضاحت کیجئے۔ 20



Scanned by TapScanner

یا

پرکاش فکری کی غزل گوئی پر روشنی ڈالیے۔

4۔ ناصر کاظمی کی غزل گوئی کا جائزہ لیجیے۔ 20

یا

ناصر کاظمی کی شاعری جدید فنی عناصر سے پرے وضاحت کیجیے۔

☆☆☆



Scanned by TapScanner

COPYRIGHT RESERVED VUG(4) — U (10)

# 2016-19

*Time : 3 hours*

*Full Marks : 80*

*Candidates are required to give their answers in their own words as far as practicable.*

*The questions are of equal value.*

*Answer **all** questions.*

1۔ ہمارے سماج کے بدترین پہلو کی عکاسی منٹو کے یہاں مل جاتے ہیں اور یہی اس کی شہرت کا سبب ہے، اظہار خیال کیجئے۔

**یا**

منٹو کا افسانہ ''جی آیا صاحب'' کا تنقیدی جائزہ لیجئے۔

2۔ بہار میں ترقی پسند افسانہ نگار کا نمایاں نام سہیل عظیم آبادی کا ہے۔ ''بے جڑ کے پودے'' کے حوالے سے وضاحت کیجئے۔

**یا**

سہیل عظیم آبادی کے افسانے کی روشنی میں ان کی حقیقت نگاری پر تبصرہ کیجئے۔

( Turn over ) IE – 9/1

Scanned by TapScanner

3۔ غیاث احمد گدی جدید افسانے کا نمایاں نام ہے، اظہار خیال کیجئے۔

یا

غیاث احمد گدی کا افسانہ ''کوئی روشنی'' پر ناقدانہ تبصرہ کیجئے۔

4۔ قرۃ العین حیدر کی ناول نگاری کا جائزہ لیجئے۔

یا

بحیثیت ناول نگار قرۃ العین حیدر کا ''میرے بھی صنم خانے'' کے حوالے سے مقام متعین کیجئے۔

5۔ اردو افسانہ سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجئے۔

یا

اردو ناول کے اجزائے ترکیبی پر تفصیل سے روشنی ڈالئے۔

......✪......



Scanned by TapScanner

COPYRIGHT RESERVED UG — Ur (C – 502)

# 2019

*Time : 3 hours*

*Full Marks : 80*

*Candidates are required to give their answers in their own words as far as practicable.*

*The figures in the margin indicate full marks.*

*Answer **all** questions from both the Groups.*

## Group – A

1۔ معروضی سوالات کا جواب دیں : 2×10 = 20

(i) ''علم العروض'' کے مصنف کون ہیں ؟

(الف) عبدالمجید

(ب) وہاب اشرفی

(ج) امداد صابری

(ii) علم العروض کے بانی کون ہیں ؟

(الف) نفر بن شمیل

(ب) خلیل بن احمد بصری

(ج) علی بن نصر

( Turn over )



Scanned by TapScanner

(iii) "رہبر اخبار نویسی" کس کی کتاب ہے ؟

(الف) وہاب اشرفی

(ب) نادم بلخی

(ج) امداد صابری

(iv) رباعی میں کتنے مصرع ہوتے ہیں ؟

(الف) دو

(ب) تین

(ج) چار

(v) وزن کس صنف کے لیے ضروری ہے ؟

(الف) شاعری

(ب) ڈرامہ

(ج) ناول

(vi) قافیہ میں کس حرف کا مستقل طور پر ایک ہونا ضروری ہے ؟

(الف) شروع کا

(ب) درمیان کا

(ج) آخر کا



Scanned by TapScanner

(vii) کالم نگار کس کے لیے لکھتا ہے ؟

(الف) اخبار کے لیے

(ب) رسالہ کے لیے

(ج) کتاب کے لیے

(viii) تبصرہ نگاری کا بنیادی جزو ہوتا ہے ؟

(الف) خرابی کو واضح کرنا

(ب) اچھائی کو واضح کرنا

(ج) اچھائی اور برائی کی وضاحت کی جاتی ہے

(ix) فیچر نگاری کی خصوصیت ہوتی ہے ؟

(الف) خصوصی موضوع پر مضمون لکھنا

(ب) عمومی موضوع پر مضمون لکھنا

(ج) خصوصی اور عمومی پر مضمون لکھنا

(x) اس شعر میں کون سی صنعت شاعر نے استعمال کی ہے ؟

ہستی اپنی حباب کی سی ہے

یہ نمائش سراب کی سی ہے

(الف) استعارہ

(ب) تشبیہ

(ج) کنایہ



Scanned by TapScanner

## Group – B

2۔ علم عروض کی تعریف کیجیے اور اردو شاعری میں اس کی اہمیت پر روشنی ڈالیے۔ 15

**یا**

اردو شاعری میں علم عروض کی غرض و غایت اور امتیازی وصف کو واضح کیجیے۔

3۔ بلاغت سے آپ کیا سمجھتے ہیں ؟ تفصیل سے بیان کیجیے۔ 15

**یا**

فصاحت اور بلاغت میں کیا فرق ہے ؟ اظہار خیال کیجیے۔

4۔ کالم نگاری کی خصوصیات بیان کیجیے اور پسندیدہ کالم نگار پر مفصل مضمون لکھیے۔

15

**یا**

فیچر نگاری کی تعریف کیجیے، نیز کوئیلانچل یونیورسٹی پر ایک فیچر لکھیے۔

5۔ تبصرہ نگاری سے آپ کیا سمجھتے ہیں ؟ اظہار خیال کیجیے۔ 15

**یا**

اپنے کالج کے پرنسپل کے نام ایک درخواست لکھیے جس میں اپنی فیس معافی کی گزارش کیجیے۔



Scanned by TapScanner

COPYRIGHT RESERVED UG — Ur (D – 504)

Novel

# 2019

*Time : 3 hours*

*Full Marks : 80*

*Candidates are required to give their answers in their own words as far as practicable.*

*The figures in the margin indicate full marks.*

*Answer **all** questions from both the Groups.*

## Group – A

1۔ درج ذیل معروضی سوالوں کے جواب دیں : 2×10 = 20

(i) اردو کا پہلا ناول نگار کون ہے ؟

(الف) پریم چند (ب) مرزا ہادی رسوا

(ج) ڈپٹی نذیر احمد (د) سرشار

(ii) ''امراؤ جان ادا'' کس کا ناول ہے ؟

(الف) پریم چند

(ب) سرشار

(ج) کرشن چندر

(د) ہادی رسوا



Scanned by TapScanner

(iii) پریم چند کی ماں کا نام کیا تھا ؟

(الف) آنندی دیوی

(ب) سرسوتی دیوی

(ج) سیتا دیوی

(د) رکمنی دیوی

(iv) طوطارام کس ناول کا کردار ہے ؟

(الف) امراؤ جان (ب) فسانۂ آزاد

(ج) نرملا (د) ابن الوقت

(v) پریم چند نے کون سا پریس قائم کیا تھا ؟

(الف) بھگوتی پریس

(ب) سرسوتی پریس

(ج) کنیا پریس

(د) نولکشور پریس

(vi) خانم کس ناول کا کردار ہے ؟

(الف) امراؤ جان ادا

(ب) نرملا

(ج) ابن الوقت

(د) فسانۂ آزاد



Scanned by TapScanner

(vii) پریم چند کا تعلق کس شہر سے تھا ؟

(الف) لکھنؤ (ب) امرتسر

(ج) آگرہ (د) بنارس

(viii) امراؤ جان ادا کا بچپن کا کیا نام تھا ؟

(الف) زوبیدہ

(ب) رقیہ بیگم

(ج) امیرن

(د) بانو

(ix) فسانہ آزاد کس کا ناول ہے ؟

(الف) پنڈت رتن ناتھ سرشار

(ب) پریم چند

(ج) ہادی رسوا

(د) نذیر احمد

(x) ناول ''امراؤ جان ادا'' کی اشاعت کس سن میں ہوئی ؟

(الف) 1894

(ب) 1891

(ج) 1897

(د) 1905



Scanned by TapScanner

## Group – B

2۔ ناول کے فن پر روشنی ڈالیے۔ 15

**یا**

ناول کے اجزائے ترکیبی سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجیے۔

3۔ اردو ناول کے آغاز وارتقا پر روشنی ڈالیے۔ 15

**یا**

اردو کے اہم ناول نگاروں سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجیے۔

4۔ امراؤ جان ادا کے کردار کا جائزہ لیجیے۔ 15

**یا**

مرزا ہادی رسوا کے ناول ''امراؤ جان ادا'' میں خانم کا کردار کس اہمیت کا حامل ہے ؟ وضاحت کیجیے۔

5۔ ناول ''نرملا'' کے کردار سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجیے۔ 15

**یا**

پریم چند کے ناول ''نرملا'' کا فنی جائزہ پیش کیجیے۔

......☆......



Scanned by TapScanner

COPYRIGHT RESERVED UG — U (D – 604)

B (Marsiah)

# 2019

*Time : 3 hours*

*Full Marks : 80*

*Candidates are required to give their answers in their own words as far as practicable.*

*The figures in the margin indicate full marks.*

*Answer **all** questions.*

## Group – A

1۔ معروضی سوالات کے صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے : 2×10 = 20

(i) مرثیہ کا امام کسے کہا جاتا ہے ؟

(الف) دبیر

(ب) میر انیس

(ج) حالی

(د) مومن

(ii) اردو مرثیہ کے اجزائے ترکیبی کتنے ہیں ؟

(الف) پانچ



Scanned by TapScanner

(ب) چھ

(ج) چار

(د) آٹھ

(iii) دبیر کہاں پیدا ہوئے ؟

(الف) لکھنؤ

(ب) دہلی

(ج) آگرہ

(د) فیض آباد

(iv) مرثیہ کس زبان کا لفظ ہے ؟

(الف) اردو

(ب) فارسی

(ج) عربی

(د) ہندی

(v) مرثیہ کا لفظی معنی کیا ہیں ؟

(الف) غم کا اظہار کرنا

(ب) کسی کی موت پر آنسو بہانا

(ج) کسی کی موت پر خوشی کا اظہار کرنا

(د) کسی واقعہ کو بیان کرنا



Scanned by TapScanner

(vi) میر انیس کا کیا نام ہے ؟

(الف) غلام حسین

(ب) خورشید علی

(ج) غلام نبی خاں

(د) میر ببر علی

(vii) میر انیس کی موت کس سن میں ہوئی تھی ؟

(الف) 1802 (ب) 1825

(ج) 1827 (د) 1860

(viii) مرثیہ میں واقعات کہاں سے اخذ کئے جاتے ہیں ؟

(الف) شام

(ب) عرب

(ج) بغداد

(د) کربلا

(ix) دبیر کے والد کا نام کیا تھا ؟

(الف) مرزا شفاعت حسین

(ب) مرزا کفایت حسین

(ج) مرزا اشفاق حسین

(د) مرزا غلام حسین



Scanned by TapScanner

(x) مرثیہ کس صنف میں آتا ہے ؟

(الف) قصیدہ

(ب) غزل

(ج) نظم

(د) مثنوی

## Group – B

2۔ مرثیہ نگاری کے ارتقا پر روشنی ڈالیے۔ 20

**یا**

میر انیس کی منظر کشی اور مرقع نگاری سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجیے۔

3۔ میر انیس کی مرثیہ نگاری سے اپنی واقفیت کا اظہار خیال کیجیے۔ 20

**یا**

میر انیس اور مرزا دبیر کے کلام کا جائزہ لیجیے۔

4۔ میر انیس کا شمار اردو کے عظیم مرثیہ نگاروں میں ہوتا ہے، وضاحت کیجیے۔ 20

**یا**

مرزا دبیر کی مرثیہ نگاری سے اپنی واقفیت کا اظہار کریں۔



Scanned by TapScanner